22328-اگر کوئی شخص قصر کی مسافت پر کسی شہر میں اپنے رشتہ دار کو ملنے جائے تو وہ مسافر شمار ہوگا

سوال

جب کوئی شخص کسی ایک شہر سے دوسرے شہر جائے اور راستے میں ایسے علاقے سے گزرے جہاں اس کا کوئی قریبی رہتا ہو اور وہاں دو دن رہے تو کیا وہ مسافر شمار ہوگا یا مقیم ؟

پسندیدہ جواب

یہ شخص جب تک
اپنے وطن میں نہیں تو مسافر شمار ہوگا، چاہے وہاں اس کا کوئی عزیز یا بھائی بہن
وغیرہ رہتا ہو، لیکن وہ اکیلا نماز ادا نہ کرے بلکہ باجماعت نماز ادا کرے، اور ان
کے ساتھ چار رکعت ادا کرے کیونکہ نماز باجماعت ادا کرنا واجب ہے .

لیکن اگر اس کے ساتھ کوئی ایک یا
زیادہ اشخاص ہوں تو وہ قصر نماز کریں، یا پھر وہاں کی مقامی جماعت کے ساتھ مکمل
نماز ادا کریں.

لیکن اگر اس نے چار یوم سے زیادہ
رہنے کی نیت کی تو وہ چار رکعتی نماز پوری ادا کرے گا، چاہے مسافر اکیلا ہو یا ایک
سے زیادہ.